06.06.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ماجد علی
Music

------------------------------

☆ مرکز میں سرکار کی تشکیل سے پہلے سیاسی گہماگہمی میں تیزی آ گئی ہے۔ BJP صدر جے پی نڈا نئی دِلی میں پارٹی کے اعلیٰ رہنماؤں کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے ہماچل پردیش سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ دِلی کیلئے 137 کیوسک فاضل پانی جاری کرے۔

☆ بھارت کے موسمیات کے محکمے نے اگلے 6 دن کے دوران ملک کے شمال مشرقی خطے، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکم میں دور دور تک بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ بھارت آسٹریلیا کی روہن بوپنا اور Matthew Ebden کی جوڑی پیرس میں فرنچ اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں اٹلی کی Simone Bolelli اور Andrea Vavassori کی جوڑی کے ساتھ کھیلے گی۔

☆ آج شام کولکاتا میں فیفا عالمی کپ 2026 کے Qualifier میچ میں بھارت، کویت کے ساتھ کھیلے گا۔

-----------------------

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Nadda-Meeting**

اب جبکہ قومی جمہوری اتحاد این ڈی اے حکومت کی تشکیل کی خاطر تیاریاں کررہا ہے، بی جے پی کے صدر جے پی نڈا نئی دلی میں مرکزی وزرا اور پارٹی کے سینئر رہنماؤں کے ساتھ میٹنگ کررہے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور پارٹی کے دیگر سینئر رہنما جناب نڈا کی رہائش گاہ پر اِس میٹنگ میں موجود ہیں۔ جے ڈی یو کے مختلف رہنما بھی قومی راجدھانی میں پارٹی کے صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی رہائش گاہ پر پہنچ گئے ہیں۔
این ڈی اے کے رہنماؤں کی جانب سے نریندر مودی کو اتفاقِ رائے سے اپنا لیڈر چنے جانے کے ایک دن بعد یہ میٹنگیں

ہورہی ہیں۔
بی جے پی، ٹی ڈی پی، جے ڈی یو، ایل جے پی (آر)، شیوسینا (شنڈے گروپ)، جے ڈی ایس اور این ڈی اے کی دیگر ساتھی پارٹیوں کے نو منتخبہ ممبران پارلیمنٹ کے میٹنگ میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔
کل این ڈی اے کی میٹنگ کے دوران ایک قرار داد منظور کی گئی تھی، جس میں اِس بات کا ذکر تھا کہ جناب مودی کی قیادت میں بھارت میں ہر شعبے میں چوطرفہ ترقی ہوئی ہے۔ قرار داد میں یہ بھی کہا گیا تھا کہ ملک کے عوام نے 6 دہائیوں کے بعد لگاتار تیسری مدت کے لیے مکمل اکثریت کے ساتھ ایک مضبوط قیادت کو منتخب کیا ہے۔

## JD(U) Cabinet Berth

جنتادل یونائیٹیڈ (JDU) نے آج کہا ہے کہ اُس نے NDA کی نئی حکومت میں کابینی عہدے کے سلسلے میں کوئی شرائط نہیں رکھی ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان کے سی تیاگی نے کہا کہ بی جے پی صدر جے پی نڈا اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ کو کابینہ کی تشکیل کیلئے این ڈی اے کی اتحادی جماعتوں سے بات چیت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے اور اِس سلسلے میں میٹنگیں جاری ہیں۔ تاہم انہوں نے کہا کہ جے ڈی یو بہار کے لیے خصوصی درجہ چاہتی ہے، جس سے ریاست میں غریبی، بے روزگاری اور نقل مکانی کے معاملات کو حل کرنے میں مدد ملے گی۔ جے ڈی یو نے بہار میں 12 لوک سبھا سیٹیں جیتی ہیں اور وہ این ڈی اے کی نئی حکومت میں ایک کلیدی رول ادا کرے گی، کیونکہ BJP کو چناؤ میں واضح اکثریت نہیں ملی ہے۔

## India-Blok-Meet

کل نئی دِلی میں آئی این ڈی آئی اے بلاک کی میٹنگ ہوئی، جس کا مقصد مرکز میں سرکار تشکیل دینے کیلئے حکمت عملی طے کرنا تھا۔ یہ میٹنگ نئی دِلی میں کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے کی سرکاری رہائش گاہ پر ہوئی۔ میٹنگ کے دوران کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے کہا کہ عوام نے وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف فیصلہ دیا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ زبردست سیاسی نقصان ہے اور جناب مودی کی اخلاقی شکست ہے۔ جناب کھڑگے نے کہا کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد اُن سبھی پارٹیوں کا خیرمقدم کرتا ہے، جو ہمارے آئین کی تمہید میں درج بنیادی اقدار پر کاربند رہتی ہیں۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے نے کہا کہ اتحاد میں شریک پارٹیوں نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ میٹنگ میں دوسروں کے علاوہ کانگریس رہنما سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی، جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی کلپنا سورین، عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ، سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو، RJD کے تیجسوی یادو، CPIM کے سیتارام یچوری، CPI کے ڈی راجہ، NCP شردپوار کے سربراہ شردپوار، DMK کے سربراہ ایم-کے-اسٹالن اور جھارکھنڈ کے وزیراعلیٰ چمپئی سورین نے شرکت کی۔

## Sri Lanka

سری لنکا کے صدر رانیل وکرم سنگھے اور بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ وزیراعظم نریندر مودی کی حلف برداری کی تقریب میں شریک ہوں گی۔ صدر رانیل وکرم سنگھے نے وزیراعظم مودی کو فون پر اُن کی تاریخی کامیابی پر اُنہیں مبارکباد دی تھی اور اِس دوران جناب مودی نے سری لنکا کے صدر کو حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی۔ بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ

حسینہ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کیلئے کل نئی دِلی روانہ ہوں گی۔ وہ 9 جون کو ڈھاکہ واپس روانہ ہوجائیں گی۔ وزیراعظم نریندر مودی لگاتار تیسری معیاد کیلئے وزارتِ عظمیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے۔

**Bangladesh PM-India**

بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ لگاتار تیسری مدت کے لیے جناب نریندر مودی کی وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی خاطر کل نئی دلی کے لیے روانہ ہوں گی۔ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم کل سہ پہر چار بجے نئی دلی کے لیے روانہ ہوں گی اور جناب مودی کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کے بعد 9 جون کو ڈھاکہ واپس جائیں گی۔ جناب نریندر مودی نے بنگلہ دیش کی وزیر اعظم کو ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران اپنی حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کے لیے مدعو کیا تھا، جسے شیخ حسینہ نے قبول کرلیا۔

**PM-Mexico President**

وزیراعظم نریندر مودی نے محترمہ Claudia Sheinbaum کو مبارکباد دی ہے، جنہیں میکسیکو کی پہلی خاتون صدر کے طور پر منتخب کیا گیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ میکسیکو کے عوام کیلئے ایک تاریخی موقع ہے اور وہ صدر Andres Manuel کی شاندار قیادت کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

**SC-Water**

سپریم کورٹ نے ہماچل پردیش سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ اُس کے پاس دستیاب 137 کیوسک فاضل پانی دِلی کو سپلائی کرے، جہاں پانی کی قلت پائی جاتی ہے۔ جسٹس پی-کے-مشرا اور جسٹس کے-وی-وشواناتھن پر مشتمل تعطیلات کے دوران کام کرنے والی بنچ نے یہ ہدایت دی ہے۔ بنچ نے کہاکہ ہماچل پردیش سرکار کو کوئی اعتراض نہیں ہے اور وہ فاضل پانی دِلی کیلئے جاری کرنے کی خواہشمند ہے۔ عدالت عالیہ نے ہریانہ کی حکومت سے بھی کہا ہے کہ ہماچل پردیش کی طرف سے چھوڑے جانے والے اِس فاضل پانی کو دِلی پہنچانے کیلئے وہ مدد کرے۔ عدالت نے یہ بھی واضح کردیا کہ دِلی سرکار کو پانی ضائع نہیں کرنا چاہیئے۔ اُس نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش کل تک 137 کیوسک فاضل پانی جاری کردے، جس کی ہریانہ کو پہلے سے جانکاری دی جائے۔ سپریم کورٹ اِس معاملے کی اگلی سماعت اِس مہینے کی 10 تاریخ کو کرے گی۔

**IMD**

بھارتی موسمیات محکمہ نے آئندہ 6 دنوں کے دوران شمال مشرقی خطے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں دور دور تک گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ کل تک شمال مغربی بھارت کے کچھ مقامات پر بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ آئندہ تین سے چار دنوں کے دوران جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی اِسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ تین سے چار دنوں کے دوران مدھیہ پردیش، اترپردیش، جھارکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، راجستھان اور اڈیشہ میں گرمی کا سلسلہ جاری رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے ملک کے بعض حصوں میں آگے بڑھنے کیلئے صورتحال سازگار ہے۔

### Uttarakhand-Trekkers

اتراکھنڈ میں Sahastra Tal کے نزدیک کرناٹک کی 22 ارکان پر مشتمل کوہ پیما ٹیم خراب موسم کی وجہ سے اپنا راستہ بھٹک گئی، جس کے نتیجے میں 9 ارکان کی موت ہوگئی۔ یہ واقعہ اُس وقت پیش آیا، جب کوہ پیما ٹیم منگل کو Sahastra Tal سے واپس لوٹ رہی تھی۔ کوہ پیما ٹیم کے 13 ارکان کو بھارتی فضائیہ NDRF اور SDRF کی طرف سے تلاشی اور بچاؤ کی مشترکہ کارروائیوں کے دوران بچالیا گیا ہے۔ Sahastra Tal اتراکھنڈ کے گڑھوال خطے میں 15 ہزار فٹ کی اونچائی پر واقع ہے۔کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدارمیا نے کہا ہے کہ Sahastra Tal کے نزدیک خراب موسم کے بعد ریاست کے کوہ پیما کے 9 ارکان کی موت کی خبر سے ان کو دکھ ہوا ہے۔انہوں نے ریوینیو کے وزیر کرشنا Byre گوڑا کو بھی ہدایت دی ہے کہ وہ دہرہ دون جائیں، تاکہ بچ جانے والے باقی کوہ پیما ٹیم کے سبھی ارکان کو بحفاظت واپس لایا جاسکے۔

### French Open

فرنچ اوپن ٹینس کے سیمی فائنل میں آج روہن بوپنّا اور Mathew Ebden کی بھارت-آسٹریلیا کی جوڑی کا مقابلہ اٹلی کی جوڑی Simone Bolelli اور Andrea Vavassori سے ہوگا۔کل بھارتی آسٹریلیائی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز زمرے کے کوارٹر فائنل میں Sander Gille اور Joran Vligen کی بلجیم کی جوڑی کو ساتھ-چھ (تین)، پانچ-سات، چھ-ایک سے ہرایا تھا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بوپنّا تین سال کے عرصے کے اندر Roland Garros میں دوسری مرتبہ مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچے ہیں۔ اس سے پہلے بوپنا نے 2017 میں کناڈا کے Gabriela کے ساتھ فرنچ اوپن میں مکسڈ ڈبلز کا خطاب جیتا تھا۔

### Fifa WC

بھارت کے سرکردہ فٹبال کھلاڑی Sunil Chetri کولکاتا میں سالٹ لیک Lake اسٹیڈیم میں آج کویت کے خلاف فیفا عالمی کپ 2026 کے اہم کوالیفائر میچ میں آخری مرتبہ قومی ٹیم کی قیادت کریں گے۔Chetri کے ریٹائرمنٹ کے ساتھ ہی ان کا شاندار 19سالہ بین الاقوامی کیریئر بھی ختم ہوجائے گا۔ فی الحال بھارت گروپ A میں ہے: جس میں اس نے چار میچوں میں چار پوائنٹس حاصل کیے ہیں۔ اسے عالمی کپ میں اپنی امیدیں برقرار رکھنے کے لیے ایک میچ میں جیت کی ضرورت ہے، جبکہ افغانستان کے چار پوائنٹس ہیں۔ کویت کے تین پوائنٹس ہیں۔تاہم ایک میچ میں جیت سے کوالیفائر کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچنے کے لیے بھارت کی پوزیشن مستحکم ہوجائے گی اور AFC ایشین کپ 2027 میں جگہ حاصل کرلے گا۔